3711-ماں نے بچے کے متعلق ڈرتے ہوئے روزے ترک کردئے

سوال

ایک عورت نے رمضان میں بچہ جنا لیکن رمضان کے بعد اس نے دودھ پیتے بچے کے ڈر سے روزوں کی قضاء نہیں دی وہ پھر دوبارہ حاملہ ہوئی اور اگلے رمضان میں بچہ پیدا کیا اس کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ روزوں کے بدلے پیسے تقسیم کردے ؟

پسندیدہ جواب

اس عورت پر واجب ہے کہ وہ روزے ہی رکھے اگرچہ دوسرے رمضان کے بعد ہی، کیونکہ اس نے پہلی اور دوسری قضاء کو عذر کے سبب چھوڑا ہے۔ مجھے اس کا علم نہیں کہ آیا اس پر سردی کے موسم میں ایک دن چھوڑ کر روزہ رکھنے میں بھی مشقت ہے اور اگر وہ دودھ پلاتی ہے تو اللہ تعالی اسے روزے رکھنے کی قوت بخشے گا کہ وہ دوسرے رمضان تک قضاء کرے اور اگر نہ دے سکے تو پھر اس پر کوئی حرج نہیں کہ وہ اسے دوسرے رمضان تک موخر کردے۔

واللہ اعلم.